We Provide The Standard

5

زندگی گزارنے کے آداب

ائمہ علیہم السلام کے ارشادات کی روشنی میں

خصال

شیخ الصدوقؒ

AL-KISA®
PUBLISHERS

R-159 Sector 5-B/2 North Karachi, Uc-12, 75850

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ

نام کتاب	خصال
مؤلف	شیخ الصدوق علیہ الرحمہ
تحقیق وتشریح	محمد باقر کمرہ ای
مترجم	عمران رجانی
مترجم تشریحات	ملیکہ خاتون کاظمی
تزئین وتصحیح	سید فیضیاب علی رضوی
کمپوزنگ	الکساء پبلیشرز (آرٹ ڈیپارٹمنٹ)
اشاعت اول	اکتوبر ۲۰۰۳، رمضان ۱۴۲۳
اشاعت دوئم	جولائی ۲۰۰۸، رجب ۱۴۲۹

AL-KISA®
PUBLISHERS
We Provide The Standard

R-159 Sector 5-B/2 North Karachi, Uc-12, 75850
Ph# 021-8205932 E-mail# Alkisapublishers@hotmail.com

۳۷۵۔ مچھلی کم کھایا کرو، اس لئے کہ یہ جسم کو پگھلا دیتی ہے، بلغم میں اضافہ کرتی ہے اور سانس لینے میں دشواری پیدا کرتی ہے۔

۳۷۶۔ دودھ کو گھونٹ گھونٹ پینا سوائے مرض الموت کے ہر بیماری سے شفا ہے!

۳۷۷۔ انار کو اس کے گودہ سمیت کھاؤ کہ یہ معدہ کو پاک صاف کرتا ہے اور انار کے ہر اس دانہ میں قلب کی حیات ہے جو معدہ میں ٹھہر جائے، (ایک نسخہ میں ہے روشنی) نفس کے لئے اور مرض اور شیطان کے وسوسہ سے امان ہے، چالیس راتوں تک!

۳۷۸۔ بہترین شوربہ سرکہ ہے جو صفرا (کے اثر کو) توڑ دیتا ہے اور دل کو حیات بخشتا ہے!

۳۷۹۔ کاسنی (ایک پودا جس کے پھول ہلکے اُودے رنگ کے ہوتے ہیں) کھاؤ، اس لئے کہ روزانہ صبح اس پر جنت کے چند قطرے ہوتے ہیں۔

۳۸۰۔ آسمان کے پانی (مینہ) کو پیئو کہ یہ بدن کو پاک کرتا ہے اور بیماریوں کو دور کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: و ینزل من السمآء مآء لیطھرکم به و یذھب عنکم رجز الشیطان و لیربط علی قلوبکم ویثبت به الاقدام. اور وہ آسمان سے پانی نازل کرتا ہے تاکہ تمہیں اس کے ذریعہ پاک کردے اور شیطان کی پلیدی کو تم سے دور کردے اور تمہارے دل مضبوط کردے اور اس سے تمہارے قدم اچھی طرح جمائے رہے (سورۂ انفال۔ آیت ۱۱)

۳۸۱۔ سوائے موت کے کوئی بیماری ایسی نہیں جس کی دوا کلونجی میں نہ ہو!

۳۸۲۔ گائے کا گوشت بیماری لاتا ہے۔

۳۸۳۔ گائے کا دودھ دوا ہے اور اس کا روغن شفا!

۳۸۴۔ حاملہ عورت کے لئے غذا اور دوا کے طور پر خرمہ سے افضل کوئی شے نہیں! اللہ تعالیٰ نے حضرت مریمؑ سے فرمایا: وھزی الیک بجذع النخلة تساقط علیک رطبا جنیاً فکلی واشربی و قری عیناً. تم درخت خرما کی ٹہنی کو ہلاؤ تم پر پکے اور تازہ خرمے گریں گے تو تم اسے کھاؤ اور پیئو اور اپنی آنکھ ٹھنڈی کرو! (سورۂ مریم۔ آیت ۲۵)

۳۸۵۔ اپنی اولاد کی تحنیک کھجور کے ذریعہ کرو اور اسی طرح رسول خداؐ نے حضرات حسنؑ اور حسینؑ کے ساتھ کیا تھا۔

۳۸۶۔ جب اپنی بیوی سے مجامعت کرنا چاہو تو عجلت سے کام مت لو اس لئے کہ عورتوں کی کچھ ضروریات ہوتی ہیں!

۳۸۷۔ جب تم میں سے کوئی شخص کسی ایسی عورت کو دیکھے جو اس کے دل کو لبھائے تو اسے چاہئے کہ اپنی بیوی سے ہمبستر ہو اس لئے کہ اس کی بیوی کے پاس بھی وہی چیز ہے جسے اس نے دیکھا تھا۔ پس اُسے شیطان کو ہرگز کوئی موقع فراہم نہیں کرنا چاہئے تاکہ وہ اس اجنبی عورت سے صرف نظر کرلے۔ البتہ اگر اس کی بیوی نہ ہو تو اُسے چاہئے کہ دو رکعت نماز پڑھے، اللہ کی بکثرت حمد بجالائے اور نبیؐ پر صلوات بھیجنے کے بعد اللہ سے اس کے فضل کی درخواست کرے تو اس کی مہربانی سے یہ (عمل) اس کے لئے نتیجہ خیز ثابت ہوگا جو اسے بے نیاز کردے گا۔

۳۸۸۔ جب تم میں سے کوئی شخص اپنی بیوی سے ہمبستری کرے تو اسے چاہئے کہ اس موقع پر باتیں کم کرے کیونکہ یہ (ہونے والی اولاد کے) گونگے پن کا سبب بنتا ہے۔

۳۸۹۔ تم میں سے کسی شخص کو اپنی بیوی کی فرج پر نگاہ نہیں کرنی چاہئے کہ ہوسکتا ہے وہ کسی ناپسندیدہ شے کا مشاہدہ کرے اور (ہونے والی